# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 1 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 7 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 30 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 30 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ • بھوت کے تعارف کے لئے کوئی ایک بچہ بھوت کا ماسک (mask) اور سفید gown پہن کر کلاس میں داخل ہو اور بچوں سے جا کر ہاتھ ملائے اور پوچھے ''کیا آپ لوگوں نے مجھے پہچانا؟ میں کون ہوں؟ کیا آپ لوگوں نے کبھی بھوت' شیطان' دیو دیکھا ہے؟ کیا بھوت کے نام سے آپ کو ڈر لگتا ہے؟ اگر ہاں تو کیوں ڈر لگتا ہے۔ کیا آپ لوگوں نے کوئی بھوت کی کہانی پڑھی یا سنی ہے؟ کوئی فلم دیکھی ہے؟

10 منٹ • بچوں میں کتاب **بھوت آیا** تقسیم کریں اور کہانی پڑھ کر سنائیں۔

10 منٹ • بچے خاموشی سے اس کتاب کے صفحات پر بنی تصویریں دیکھیں اور الفاظ پڑھیں۔ حسب ضرورت بچوں کی مدد ضرور کریں۔

# سیشن 2

15 منٹ • 10 - 8 بچے کتاب **بھوت آیا** کی انفرادی پڑھائی کریں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ اس کتاب میں 'ھ' کے ساتھ کون سے الفاظ ہیں۔ الفاظ پڑھنے میں بچوں کی مدد کریں۔

- 'ھ' کی آوازیں اور 'ھ' کے الفاظ بورڈ پر لکھ کر پڑھائیں۔

آوازیں: بھ پھ تھ ٹھ جھ چھ دھ ڈھ کھ گھ

الفاظ: بھوت آنکھیں چھوٹے ہاتھ

**15 منٹ** • بچے کوپی نکالیں اور بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ اور 'ھ' کی آوازیں لکھیں۔ اگر وقت باقی ہے تو الفاظ کو توڑ کر بھی لکھیں۔

ب ھ و ت     آ ن ک ھ ی ں     چ ھ و ٹ ے     ہ ا ت ھ

یا

بجائے جوڑ توڑ کے بچوں سے 'بھ' آواز سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھیں اور بورڈ پر لکھ کر بچوں سے پڑھوائیں۔ آخر میں بچے یہ الفاظ اپنی کوپی میں لکھیں۔

الفاظ: بھوت بھوک بھول بھٹہ بھاگا بھاری بھائی بھنڈی بھیڑ

**ہوم ورک**

• بچے کتاب **بھوت آیا** گھر لے جائیں اور پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 3

**15 منٹ** • 10 - 8 بچے کتاب **بھوت آیا** کی انفرادی پڑھائی کریں۔

**10 منٹ** • بچوں سے کہیں کہ اس کتاب کے ہر صفحے کو غور سے دیکھیں کہ اس کی شکل بھوت جیسی کیوں ہو گئی۔

- بچوں کو بولنے کا موقع دیں۔ اس کی آنکھیں گول ہیں، کان چھوٹے ہیں، دانت بڑے اور پیلے ہیں شاید یہ برش نہیں کرتا اور بے چارے کے بال گندے اور ہرے ہیں۔ اور ایک کوئی چیز اس کے پاس نہیں ہے، وہ کیا (ناک) ہاتھ اور ٹانگیں تو ٹھیک ہیں۔ بے چارے کے پاس پیٹ بھی نہیں ہے اس لئے ہاتھ پاؤں پتلے ہیں۔ کیا ہماری ناک نہ ہو تو ہم بھوت بن جائیں گے۔

# سیشن 4

- **10 منٹ** • بچوں سے پوچھیں کہ کتاب میں جس بچے کی تصویر ہے وہ بار بار بھوت سے جاؤ جاؤ کیوں کہہ رہا ہے۔ شاید اس کو بھوت کی شکل اچھی نہیں لگ رہی ہے یا بھوت کو دیکھ کر ڈر لگ رہا ہے۔ بچے کو فٹ بال کھیلنے جانا ہے یا اسکول کا کام کرنا ہے یا اس کا دوست آنے والا ہے۔

- **20 منٹ** • آج بچے لفظ 'آیا' سے ہم آواز الفاظ بتائیں گے۔

  - بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ بورڈ پر لکھ کر پڑھائیں۔ آخر میں بچے یہ الفاظ اپنی کوپی میں لکھیں۔

    آیا گیا نیا کیا سیا پیا دیا لیا چیا

**ہوم ورک**

- کوپی میں لکھے 'یا' آواز والے الفاظ املا کے لئے یاد کریں۔

# سیشن 5

- **15 منٹ** • بچے املا کے لئے کوپی نکالیں، اگر بچوں کو کوئی لفظ لکھنے میں مشکل درپیش ہے تو ان کی مدد ضرور کریں۔

- **15 منٹ** • بچوں سے پوچھیں کہ انہیں بھوت کے علاوہ اور کس چیز سے ڈر لگتا ہے؟ ہو سکتا ہے کہ بچے بتائیں، " اگر کلاس میں کام مکمل نہیں کیا تو ٹیچر کی ڈانٹ سے، کوئی شرارت کی تو ماما بابا سے، ڈاکٹر کے پاس جانے سے، نائی سے بال کٹوانے سے۔"

  - بچے کوپی میں 4 تصویریں ان لوگوں کے ساتھ بنائیں جن سے وہ ڈرتے ہیں۔

# سیشن 6

30 منٹ • آج بچے کتاب **بھوت آیا** کے آخری دو صفحات پر کام کریں گے۔

- پہلے صفحے پر اپنے بھوت کی تصویر بنائیں گے اور اپنے بھوت کے بارے میں 2 جملے لکھیں گے اور دوسرے صفحے پر اپنی تصویر بنا کر اپنے بارے میں 2 جملے لکھیں گے۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 7 میں دی گئیں ورک شیٹ بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کاپی کروالیں۔

# سیشن 7

15 منٹ • الفاظ پڑھیں اور ان الفاظ پر دائرہ بنائیں جو ہمارے جسم کے حصے (body parts) ہیں۔

بھوت آنکھیں پیلے چھوٹے دانت نہیں کان میں بال دو ہرے

ہاتھ ڈرا ٹانگیں جاؤ پیٹ نہیں ناک آیا گال گول ناخن

15 منٹ • جسم کے حصوں کے نام ورک شیٹ پر دی گئی لائنوں پر لکھیں۔

# ورک شیٹ 1

نام ________________ کلاس ________________ تاریخ ________________

الفاظ پڑھ کر دائرہ بنائیں۔

بھوت آنکھیں پیلے چھوٹے دانت نہیں کان

میں بال دو ہرے ہاتھ ڈرا ٹانگیں جاؤ

پیٹ نہیں ناک آیا گال گول ناخن

جسم کے حصوں کے نام لکھیں۔

________________ ________________ ________________

________________ ________________ ________________


________________ ________________ ________________

________________

## ورک شیٹ 2

نام ____________ کلاس ____________ تاریخ ____________

### رنگ بھریں۔



# بھوت آیا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk

Rs 150